Examiners' Report
June 2011

# GCE Urdu 6UR04 01

Edexcel is one of the leading examining and awarding bodies in the UK and throughout the world. We provide a wide range of qualifications including academic, vocational, occupational and specific programmes for employers.

Through a network of UK and overseas offices, Edexcel's centres receive the support they need to help them deliver their education and training programmes to learners.

For further information, please call our GCE line on 0844 576 0025, our GCSE team on 0844 576 0027, or visit our website at www.edexcel.com.

If you have any subject specific questions about the content of this Examiners' Report that require the help of a subject specialist, you may find our **Ask The Expert** email service helpful.

Ask The Expert can be accessed online at the following link:
http://www.edexcel.com/Aboutus/contact-us/

Alternatively, you can contact our Urdu Advisor directly by sending an email to Alistair Drewery on languagessubjectadvisor@edexcelexperts.co.uk.
You can also telephone 0844 576 0035 to speak to a member of our subject advisor team.

ResultsPlus

## Get more from your exam results

### ...and now your mock results too!

ResultsPlus is Edexcel's free online service giving instant and detailed analysis of your students' exam and mock performance, helping you to help them more effectively.

- See your students' scores for every exam question
- Spot topics, skills and types of question where they need to improve their learning
- Understand how your students' performance compares with Edexcel national averages
- Track progress against target grades and focus revision more effectively with NEW Mock Analysis

For more information on ResultsPlus, or to log in, visit www.edexcel.com/resultsplus.
To set up your ResultsPlus account, call 0844 576 0024

June 2011

Publications Code UA028898

All the material in this publication is copyright
© Edexcel Ltd 2011

# Introduction

This was the second year in which candidate were examined for this advanced level unit based upon the current GCE Urdu specification. This unit requires candidates to answer questions in three different sections:

a) Translation of a short passage of about 80 words from English into Urdu worth 10 marks. The passage is rooted in one of the seven General Topic Areas as described in the specification and the assessment criteria is focused on target words/phrases.

b) A creative or discursive essay in Urdu worth 45 marks. Candidates have a choice of seven questions (three creative and four discursive essays). The topics of all the essays are rooted in one of the seven General Topic Areas.

c) A research-based essay in Urdu worth 45 marks. Candidates can choose from one of the following areas of research:

i) Geographical area

ii) Historical study

iii) Aspects of Modern Society

iv) Literature and the arts (e.g. text, play or film)

Candidates are rewarded for their Urdu-language research skills linked to their chosen areas. *This must relate to the culture and /or society of an Urdu-language country, countries or community.*

The whole paper is attempted in 2 hours 30 minutes and candidates are free to choose how they organise their time, although it is recommended that timings are organised to correspond to the number of marks awarded to each question. It was clear that some candidates had not spent as much time as they should have done on Section C, indicating perhaps that they had run out of time towards the end of the examination.

The paper is marked positively, using the criteria and mark grids given in the specification. A separate mark scheme is produced for the translation.The overall standard of responses on this paper was similar to last year. Most candidates performed reasonably well and produced work of good quality. However, a very wide range of standards continues to be encountered; there were many very pleasing scripts but some deemed not to be of A2 standard. A significant number of mature candidates sat this examination but many of them were ill-prepared and only wanted to show whatever command they had of the Urdu language. Therefore, there were mixed responses; some excellent answers, but too frequently they had little knowledge of the relevant topic and development was limited and /or illogical. Many candidates were careless with punctuation in the translation or paraphrased rather than translated. In the research-based essay, there was, in many cases, a noticeable lack or research. Some candidates had clearly not been prepared for the examination and wrote entirely irrelevant essays. A small number of candidates wrote answers to questions 3(a), 3(b), 3(c) or 3(d) which did not meet the requirements of the specification for the research to be based around an Urdu-speaking country, area, or community or society.

# Section A

## *Question 1*

The passage, for translation, was about Urdu language in Pakistan and involved words like 'Cultural heritage', 'sub-continent', 'adopt', 'rare quality' and 'capable of'. By and large this question was attempted very well, with many candidates gaining 7 or 8 marks. However, some candidates could not differentiate between the words 'culture and customs' and between 'sub-continent and the whole world' in Urdu and thus lost marks. There was a tendency for candidates to paraphrase when they did not know the exact translation. Again, like last year, every effort was made to cover as many acceptable alternatives as possible but where the candidates paraphrased they had to be penalised. It goes without saying that teachers must give practice and provide guidance to their students to tackle translation tasks.

This translation shows a good command of the grammar of the language but reflects some paraphrasing.

Urdu is not a new language for the people of Pakistan. It is a part of their cultural heritage and has been spoken in the sub-continent for hundreds of years. It is the only language which, with minor variations, is spoken and understood in the whole country. Urdu is new as compared with the old languages of the world. But its strength lies in its ability to adopt words from other languages in such a way as if they originally belonged to it. This rare quality clearly shows that Urdu is capable of great development.

پاکستانیوں کے لیے اردو نئی زبان نہیں ہے۔ یہ ان کے کلچر کا
حصہ ہے اور برصغیر میں کئی سو سالوں سے بولی جارہی ہے۔ صرف
اردو ہی ایسی زبان ہے جو پورے ملک میں ~~تھوڑے بہت~~ تھوڑے
بہت فرق سے بولی اور سمجھی جاتی ہے۔ دنیا کی پرانی زبانوں کے
مقابلے میں اردو نئی زبان ہے۔ لیکن اس کی طاقت کا اندازہ
اس کی قابلیت سے کیا جا سکتا ہے کہ اس میں مختلف زبانوں کے
لفظ اس طرح ڈالے گئے ہیں کہ وہ اردو کا حصہ ہی لگتے ہیں۔
ایسی کم خوبی سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اردو زبان اس قابل
ہے کہ اسے بہت تعمیر کیا جا سکے۔

**ResultsPlus**
**Examiner Comments**

This is a very good translation indeed. The candidate has lost some marks because of some paraphrasing.

**ResultsPlus**
**Examiner Tip**

Translate directly, do not paraphrase and make sure you have covered all key words and phrases.

## Section B

### *Question 2(a)*

Although this question was the least popular of the creative options offered to candidates, many interesting stories were produced which were well connected to the stimulus i.e. the picture of a gathering.

In this essay, the candidate describes a cricket match between India and Pakistan which is being watched by a big gathering on a big screen. The essay also uses some very good descriptive vocabulary.

چلو تو آج ہم دن آ ہی گیا جس کا سب پاکستانیوں کو انتظار تھا۔
تمام لوگ، بچے، بوڑھے اور نوجوان جلدی جلدی تیار ہوئے۔ ان کی
آنکھوں میں نیند کا نشان تک نہ تھا کیونکہ انھوں نے ساری رات
کروٹیں ~~بدلتے~~ بدلتے ہوئی گزاری۔ آج پاکستان اور انڈیا کا فائنل کرکٹ
میچ تھا۔ جب سے لوگوں کو یہ بات معلوم ہوئی کہ اس دفعہ یہ
میچ شہر کے درمیان میں ایک بڑی سکرین پر دکھایا جائے گا تو ان
کی راتوں کی نیندیں اڑ گئیں۔ لوگ دن گننے شروع ہوگئے۔ اور آج
ان کا انتظار ختم ہوا۔
دیکھتے ہی دیکھتے دس بجے کے قریب پوری سڑکیں شائقین سے
بھر گئیں۔ آخر کو انھوں نے اپنی ٹیم کو میدان میں قدم رکھتے ہوئے
دیکھنا تھا۔ اور پھر شاہد آفریدی 'کپتان' اپنی ٹیم کے ساتھ میدان
میں قدم رکھتے ہوئے دکھائی دیئے۔ اور لوگوں کا شور اور تالیوں
کی گونج اس قدر تیز ہوگئی کہ ساتھ کھڑا ہوا انسان کسی دوسرے کی آواز
نہیں سن سکتا تھا۔ پھر آفریدی نے انڈیا کے کپتان اور امپائر سے ہاتھ

ملا کر ٹاس میں حصہ لیا۔ بدقسمتی سے پاکستان ٹاس ہار گیا لیکن انڈیا نے پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ لیا۔ اور ہر کوئی اس بات سے خوش نظر آ رہا تھا۔ تمام لوگ نے اس کا بھرپور ساتھ دینے کا اعلان اپنی گونجدار تالیوں سے دیا۔

شکر کرکے میچ کی ابتداء ہوئی اور سارے لوگوں پر خاموشی طاری ہو گئی۔ پہلی باؤل پر کچھ نہیں رنز بنا۔ اور پھر اسی طرح میچ شروع ہو گیا۔ جب بھی کوئی انڈیا کا کھلاڑی آؤٹ ہوتا تو سب لوگوں میں کھلبلی دھکڑ مچ جاتی۔ کوئی کہتا "واہ کیا باؤل کی ہے!" اور کوئی کہتا "انڈیا مارے گئے"۔ جب ساٹھ (۶۰) اوور پورے ہوئے تو تمام لوگوں نے سکھ کا سانس لیا کیونکہ انڈیا نے اچھے رنز نہیں بنائے تھے۔ اب کھانے کا وقفہ تھا۔ کچھ لوگ تو ادھر ادھر ہوٹل میں کھانے کے لیے گئے اور کچھ لوگ اپنے بستوں سے نکال کر اپنی بھوک کو تسلیں پہنچانے کی کوشش کرنے لگے۔ اور کئیں لوگ تو اپنی جگہ پر ڈٹے رہے۔

ایک گھنٹے بعد پھر سارے تماشائی بڑی سکرین کے آگے کھڑے ہو گئے۔ اب پاکستان کی بلے بازی کی باری تھی۔ پاکستان نے شروع کے کچھ اوورز میں چھوٹے چھوٹے شاٹس کھیلے لیکن لوگوں

نے دل و جان سے ان کا بھرپور ساتھ دیا۔ بہت دفعہ
لوگوں نے آہیں بھی بھری کیونکہ کھلاڑی آؤٹ بھی ہوئے لیکن
لوگوں کو افریدی کا انتظار تھا۔ اب صرف ۲ اوورز رہنے تھے اور
۲۰ رنز پاکستان کو میچ جیتنے کے لیے چاہیے تھے۔ تمام لوگوں پر
سناٹا سا چھا گیا اور لوگ دلوں میں دعائیں کرنے لگے۔
انھوں نے آخری دم تک امید کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا اور
جب صرف دو گیندیں رہتی تھی تو شاہد افریدی نے ایک
بھرپور اور شاندار ۶ کے ساتھ پاکستانی ٹیم کا سر فخر سے

بلند کر دیا۔ لوگوں نے پورا شہر اپنے شور سے آسمان پر کھڑا
کر دیا۔ ان کے چہرے خوشی اور پاکستانی ہونے کی وجہ سے فخر سے
بھرپور نظر آرہے تھے۔ سب لوگ ایک دوسرے سے گلے ملے اور
مبارک باد دی۔ اور بھی کیوں نہ دیتے چار گھنٹے لگاتار انتظار
کرکے یہ مبارک گھڑی آئی تھی۔ اگر سوچا جائے تو لوگوں نے اس
دن کا انتظار ہمیشہ سے ہی کیا تھا۔

کچھ دیر بعد یہ لوگ اپنے اپنے گھروں کو روانہ ہوئے۔ ان کے سر
فخر سے بلند تھے اور لوگوں کی زبانوں پر پاکستان کا نام اور
دعائیں تھی۔

یہ واقع تاعمر ان کے ساتھ روشن رہے گا اور اللہ کرے

ایسے بہت سے اور مواقع بھی ملیں۔ (آمین)

**ResultsPlus**

**Examiner Comments**

This is a very good response to the question. The candidate shows plenty of imagination and reacts well to the stimulus. However, it is much over the word limit.

**ResultsPlus**

**Examiner Tip**

Study the stimulus carefully and try to include everything relevant in the picture. Try to match the mood of the picture. Use descriptive language.

## *Question 2(b)*

In this question, candidates were given the opportunity to show their creative ability by completing the story which begins in the stimulus. The best answers were imaginative and offered a lot of detail, as well as opinions and thoughts, about a fire in the hotel where they were staying in Dubai.

## *Question 2(c)*

This was the most popular of the creative essay questions. It would be expected that essays in response to this question would be written in the style of a newspaper. This was generally ignored by those who chose to attempt it and it was usually a love story without any clear content.

This candidate appears to have ignored the stimulus completely.

ہماری دوسری ملاقات کوچ پر ہوئی - یہ ہم بھی ایک لمبے
سفر کے دوران ہوا - ہم دونو کو ملتان جانا تھا - ہم نے پر
اس سفر کا آدا جیسا گوزارہ آدا اس لیے کیوںکہ پر کوچ
خارات ہوگی تھی - سارے موسافرں کے اُندر نا نتر، کوچ
ایک جنگل کے پاس خاراب ہوے - اس نے مجھ سے
پانی کے لیے پوچھا، پاس ایک دریا تھا، میں نکل پڑا،
دریا سے پانی لیے کر میں اُپر ایا تو میں کیا دیکھا کے
پانچ لڑکے اُس کو چیڑ رہے تھے - پانی کی نتل ہاتھ
میں لیے کے میں بھاگا - جا کر میں ان لڑکوں کو جانے
کے لیے کہا اُنھوں نے نہیں مانی، میں نے پر کہا اُنھوں پر نہیں مانی
میں پر ایک آخری بار کہا پر اُنہوں نہیں مانی پر جب ایک کی

بچاری سی نو سب میری تنرف آگے ہاتھ میں چاکو پکڑی
ہوے زکھم کا کر اور نبنس منٹ کی لڑای سے باد
میں آخر مبنی جیبت گنتا اور وہ لڑکے بھاگ گے - زکھم
کاٹنے ی وجہ سے میرا خون نکل رہا تھا - پہر سب
موسافر بھا ننے ہوے میرے پاس آیے اور میرے
زخم نر کنترا! لیپیٹا - پہر مینی اس کا دیکھا اسنے
مج کو دیکھا اور میرے دیماک میں ایک چار میٹ کا
گانا چلا جس میں وہ ہر دس سکن کے باد امنے
کپڑے بدل رہی ہے اور پاگلوں کی تنرہا دراخت
پر لیپٹ کر ناچ رہا ہوں - پہر میں ہوش میں آیا اور
کوچ دراسور کے پاس جاکر اس کی مداد کر نے لگا اور
پہر کوچ ٹھیک ہوگئی سب اندر بیٹھے - ہم بھی بیٹھے -
اور سفر پہر سے شورو - پہر سفر کے دورا اسنے موج
سے اسی بات کی کے میری نمبر حرام ہوگی
اسنے بلا "بہت سرکریا بھای جان" -

**ResultsPlus**

**Examiner Comments**

This is a very poor response. The candidate has completely ignored the stimulus.

**ResultsPlus**

**Examiner Tip**

Make sure you respond to the stimulus correctly!

## *Question 2(d)*

This question required candidates to consider whether all religions teach peace and love or not. Although it was the second least popular of the discursive options, it did lead to a number of interesting responses. The majority of the candidates offered a balanced essay and came up with a reasonable conclusion at the end.

This candidate offers a well-structured essay, which has a proper introduction and conclusion with a balanced and logical approach.

'دنیا کے تمام مذاہب امن اور محبت کی تعلیم دیتے ہیں۔'

میرے خیال میں دنیا کا کوئی بھی مذہب چاہے وہ ہندو ہو یا ~~آیسائی~~ عیسائی کوئی بھی جنگ اور بدل کو اہمیت
نہیں دیتے۔ مذہب انسان کو انسانیت ~~سکاتا~~ سکھاتا ہے اور ایک دوسرے کے ساتھ محبت سے پیش آنے کا سلوک سکھاتا
ہے۔ امن میں رہنا وہ حالت ہے جہاں خوشی کے مناظر نظر آئے اور نہ کہ رنج و غم میں لوگ بیٹھے ہو۔ محبت وہ ہے جس
میں ہر کوئی ایک دوسرے کا خیال رکھے نہ کہ ہر ایک کے آنکھوں میں درد کے آنسوں ہو۔ ~~حالانکہ~~ یہ جانتے ہوئے کہ مذہب
ایک دوسرے کے ساتھ امن میں رہنا سکھاتی ہے ہم ہر بھی ~~خا~~ نفرتوں کے مناظر دیکھ سکتے ہیں جہاں لوگ ایک
دوسرے سے بدلہ لینا چاہتے ہیں۔

اسلام میں مسلمانوں کو ایک دوسرے کے ساتھ امن میں رہنے کا حکم دیا گیا ہے اور اس کا
~~مثال~~ مثال حضورؐ کی زندگی ہے جو اپنے ارد گرد لوگوں کو محبت سے پیش آنے کی ~~طرح~~ تربیت دیتے تھے۔ اس کے
علاوہ وہ مکہ میں رہنے والوں کو سکھاتے تھے کہ خوشحالی اور دل میں امن معاف کرنے سے ملتی ہے نہ کہ بدلہ لینے
سے ملتی ہے۔ حضرت محمدؐ نے ہمیں سکھایا کہ جو دوسروں کو معاف نہیں کرتا اللہ تعالیٰ اس کو معاف نہیں کرتا۔ اس کے
علاوہ امن اور محبت کو قائم رکھنے کے لیے ایک انسان کو مذہبی طور پر اختیارات حاصل ہیں۔ جن میں موجود اپنے آپ کو بچانا موجود ہے
اور اپنی جان اور مال کی حفاظت کرنا۔ اس کا مطلب یہ کہ امن سے رہنا تو چاہیے لیکن کچھ لوگ جو جنگ کو شروع کرتے ہیں اس حالت میں
خود کو بچانا فرض ہے انسان پر۔ یعنی انسان کو ابتدائی طور پر امن سے محفوظ رہنا چاہیئے لیکن اگر اس کی جان خطرے میں ہو تو اسے اختیار
ہے کہ وہ اپنے آپ کو بچائے جبکہ اس میں وہ مجرم کو نقصان ہی پہنچے۔ جنگ بدر دنیا اسلام کی اولین جنگ تھی جو امن قائم کرنے کے لیے ہوئی تھی۔

اس سے ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ امن قائم کرنے کے لیے بدامنی کو ختم کرنا ہوگا۔ انسان کے علم میں امن صرف جنگ سے ختم کی جا سکتی ہے اور اپنے دشمن کو مکمل طور پر ختم کرنے سے۔ مگر اسلام ہمیں سکھاتی ہے کہ اگر دشمن اپنی غلطیوں سے گریز کریں تو انہیں معاف کرنی چاہیے اور اس کے ساتھ امن میں رہنا چاہیے۔

اسلام کے علاوہ دوسرے مذاہب جیسے عیسائیت امن اور محبت کو ترجیح ترجیح دیتے ہیں۔ 'اپنے ہمسائے سے ایسی محبت کرو جیسے تم خود سے محبت کرتے ہو'۔ یہ قول عیسائیوں کی کتاب میں موجود ہے جو انہیں امن اور محبت قائم کرنے کی تعلیم دیتی ہیں۔ عیسائی زندگی کو بہت اہمیت دیتے ہیں کیونکہ خدا نے انہیں یہ زندگی دی ہے اور اس کو نقصان پہنچانے کا کوئی حق حاصل نہیں ہے۔ عیسائیت میں حضرت عیسیٰؑ کا فرمان مانا جاتا ہے جس کے لوگوں ایک دوسرے سے محبت کرنا ~~سکھایا~~ سکھایا) اور ایک دوسرے کا خیال کرنا سکھایا اپنی زندگی کے ذریعہ۔

دنیا کی دوسری بڑی مذہب ہندو بھی ایک جو کہ محبت اور امن کا تعلیم دیتی ہے۔ اس مذہب میں موجود کئی جنگوں کا ذکر کیا جاتا ہے ان کے مذہبی کتابوں میں لیکن جیت حق کی ہوتی اور امن قائم کرنے کے لیے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے اگر کوئی بھی مذہب جنگ کا حکم دیتی ہے تو وہ اس صورتحال میں جہاں جنگ ~~سے شدت پسند~~ سے شدت پسند اور شر پسند کو ختم ہو یا قبضے میں لیا جا سکتا ہے امن کو قائم کرنے کے لیے۔ ایک معاشرے میں خوشحالی سے زندگی بسر کرنے کے لیے جس میں سب کو انصاف ملے اور اسکا حق ملے۔ اگر یہ جنگ سے حاصل ہو سکتی ہے اس کی اجازت دی گئی ہے اسلام اور ہندو مذہب میں۔

بدھ مت ایک واحد مذہب ہے جو امن اور محبت کو اختیار کرنے کی تعلیم دیتی اور جنگ اور بدلہ کو بالکل نہیں مانتے اس کا مطلب امن کو جنگ کے بغیر حاصل کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ہر مذہب کو میں امن کا حکم دیا گیا ہے اور ایک دوسرے کے ساتھ محبت سے پیش آنے کا حکم دیا گیا ہے۔ لیکن اس کے علاوہ دنیا میں ~~نظر~~ نفرتیں موجود ہیں۔ ہر ایک مذہب میں ~~کیا ہے~~ ایک دوسرے کے ساتھ بھائی چارہ قائم کرنے کی ترغیب دی گئی ہے اور نبی کی زندگی تمام لوگوں کے لیے ایک ایسی مثال تھی جس سے وہ اپنی زندگی کو تبدیل کر کے امن اور محبت قائم کر سکے۔

• میری رائے یہی ہے کہ ہر ایک مذہب امن اور محبت کو ترجیح دیتی ہے اور ہمیں ایک دوسرے سے

کیسے پیش آئیں اس کا بڑا مثال دیتی ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم ان پر عمل کریں اور امن قائم کریں اور ایک دوسرے کے ساتھ

محبت سے پیش آئیں جیسے کہ ہمارے پیارے نبیؐ نے فرمایا کہ 'اور تمہارے دلوں میں ایک دوسرے کے لیے امن اور محبت قائم کی'۔

**ResultsPlus**

**Examiner Comments**

A very good response to the question which includes an introduction and conclusion as well as excellent vocabulary and very balanced opinion.

**ResultsPlus**

**Examiner Tip**

Organise your material into paragraphs. You should begin with an appropriate introduction and conclude with your final opinion.

## *Question 2(e)*

This was the most popular of the discursive essay options and was answered by more than 60% candidates who opted for a discursive essay. The question required candidates to consider the effects of computers on youngsters and whether these effects are good or bad. There were many convincing arguments in favour or against computers. Some impressive language performances were also found in these essays, however a considerable number of candidates had good ideas but did not have the range of language to express them appropriately.

نوجوانوں پر کمپیوٹر کے بہت سے اچھے اثرات بھی ہیں اور برے
بھی۔
جدید ٹیکنالوجی سے واقف ہونا اور اس سے فائدہ اٹھانا
نوجوانوں کو کمپیوٹر جیسی اشیاء نے سکھایا ہے۔ کمپیوٹر زندگی
کی ایک اہم ضرورت بن چکا ہے۔ اسکولوں، کالجوں، ہسپتالوں، اور
دفتروں بلکہ گھروں میں بھی ایک اہم سہولت سمجھی جاتی ہے۔
نوجوان اس ٹیکنالوجی کے ذریعے اپنے اسکول یا کالج کے کاموں
میں مدد لے کر اچھے نمبر لے سکتے ہیں لہٰذا یہ انکی کامیابی کے
لیے ایک فائدہ ہے کیونکہ گھر بیٹھے اتنی معلومات اکٹھی
کرنا اور اس کا مطالعہ کرکے وہ آسانی سے اپنا کام نہ صرف
مکمل کر سکتے ہیں بلکہ اس سہولت کا پورا اور سوچ سمجھ
کر فائدہ اٹھایا جائے تو وہ اعلیٰ درجے کا کام پیش کر سکتے ہیں۔
کمپیوٹر کے ذریعے نوجوانوں کا قیمتی وقت بھی بچ سکتا ہے اور
پھر وہ اس وقت کو اپنی مزید ترقی کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔
نوجوان کمپیوٹر کے ذریعے ایسے نئے کام سیکھ سکتے ہیں

جو زندگی میں انکو فائدہ دیں جیسا کہ گھر بیٹھے اپنے لیے نوکری
تلاش کرنا یا ایسی معلومات حاصل کرنا جس کی بدولت وہ
اپنے آپ کو اس قابل بنا سکیں جیسا وہ اپنے آپ کو دیکھنا چاہتے ہیں
میرے خیال سے کمپیوٹر اس صدی میں نوجوانوں کو
ترقی یافتہ بنا رہا ہے اور دنیا میں جتنی تیزی سے ترقی ہو رہی ہے
وہ کمپیوٹر کے بغیر اس ٹیکنالوجی کی ترقی کی دوڑ میں پیچھے رہ
جائیں۔ کمپیوٹر کی بدولت اُن کے تیزی سے کھلنے لگے ہیں
کیونکہ بے شمار معلومات جب کم عمر نوجوان کے سامنے ہوتی ہے
تو وہ اسے بہت جلد سیکھ جاتا ہے۔
اس کے برعکس بہت سے ایسے پہلو بھی ہیں جو نوجوانوں
پر برا اثر ڈال رہے ہیں۔ جہاں گھر بیٹھے معلومات حاصل کرنے
کو فائدہ سمجھا جاتا ہے وہیں اس کا نقصان ہے گھر سے باہر نہ
نکلنا، تازہ ہوا میں نہ جانا، باہر کی دنیا اور ماحول سے واقف
نہ ہونا اور جسمانی طور پہ حرکت نہ کرنا۔ یہ سب چیزیں بھی
اچھی صحت کے لیے ضروری ہیں جو نوجوان نظر انداز کرتے جا رہے ہیں۔
اس طرح مختلف لوگوں سے ملنا جلنا چھوڑ کر نوجوان اپنے اخلاق
خراب کر رہے ہیں کیونکہ پھر اُن کو لوگوں سے بات چیت کرنے کا

ڈھنگ نہیں آتا۔

نوجوان کمپیوٹر کا غلط استعمال بھی کرسکتے ہیں جیسا کہ اب اکثر ہوتا ہے۔ کمپیوٹر کے ذریعے لوگوں سے غیر ضروری بات چیت کرنا ان کے لیے خطرناک ہو سکتا ہے بلکہ اس میں وہ اپنا بہت سارا قیمتی وقت بھی برباد کر رہے ہوتے ہیں۔ اکثر نوجوان گھنٹوں کمپیوٹر پر بیٹھ کر ضائع کر دیتے جبکہ اس وقت میں وہ کوئی ضروری کام یا آرام کر سکتے ہیں۔ اس طرح نوجوانوں کو وقت

قدر کھوتی جارہی ہے۔

کمپیوٹر کے ذریعے بے شمار اقسام کی معلومات مل تو جاتی ہے لیکن ایک کم عمر نوجوان یہ تو نہیں جانتا کہ یہ معلومات اُس کے لیے ضروری ہے بھی یا نہیں۔ اِس طرح چھوٹی عمر کے نوجوان غلط چیزیں جاننے میں اپنا وقت تو ضائع کرتے ہی ہیں لیکن اس کے ساتھ ان کا کردار اور شخصیت بھی خراب ہو رہی ہوتی ہے۔

میری رائے ہے کہ کمپیوٹر کا استعمال سوچ سمجھ کر کیا جائے۔ یہ سہولت اگر انسان نے ایجاد کی ہے تو اس کا فائدہ اُٹھایا جائے نہ کہ اس کی وجہ اپنے آپ کو اور دوسروں کو نقصان پہنچایا

جائے۔ اگر نوجوان چاہیں تو کمپیوٹر کے ذریعے بھرپور فائدہ اُٹھا سکتے

ہیں۔

**ResultsPlus**

**Examiner Comments**

This is a good example of a response to this question but it is a little on the long side. The upper word limit is 270 words and centres are reminded that candidates are significantly disadvantaged if answers are overly long.

**ResultsPlus**

**Examiner Tip**

Try to remain within the prescribed word count limits.

## *Question 2(f)*

This question invited candidates to shed light on the health and education problems in poor countries and how these problems can be solved. There were many excellent essays but also some very weak ones which were too general or which did not really answer the question.

This is a very good response to this question and seems to have been written by a mature native speaker.

غریب ملکوں میں تعلیم اور صحت کے بہت زیادہ مسائل
ہیں اور یہ مسائل کم ہونے کی بجائے بڑھتے ہی چلے جا رہے ہیں۔ اس
کی اہم وجوہات میں غربت اور حکومت کے ناقص ہونے کا بہت
بڑا ہاتھ ہے۔

ملک بھر میں حکومت نے کئی مفت سرکاری سکول تو کھول رکھے
ہیں لیکن ان کا معیار بہت خراب ہے۔ بچوں کو پڑھانے کے لیے
جو اساتذہ رکھے ہیں وہ خود بھی کچھ خاص پڑھے لکھے نہیں ہوتے
اس لیے وہ بچوں کو اعلی تعلیم نہیں دے پاتے۔ اس کے علاوہ چند
پرائیوٹ سکول اور کالج ہیں لیکن ان کی فیس آسمان چھو رہی
ہوتی ہے اس لیے وہاں تو کوئی غریب انسان دیسے ہی نہیں

جب لوگ تعلیم یافتہ نہیں ہوتے اور نوکری نہیں ملتی تو روپوں
کی خاطر یہ لوگ غلط راہ پر نکل پڑتے ہیں اور دہشت گردی
جیسے غلط کاموں میں پڑ جاتے ہیں اور پورے ملک کا نام غلط
کاموں کی وجہ سے خاک میں ملا دیتے ہیں۔

اس کے علاوہ جب صحت کی بات آتی ہے تو ملک بھر میں

ویسے تو کئی ہسپتال اور ڈاکٹر موجود ہوتے ہیں لیکن ملک کی

بڑھتی ہوئی آبادی کی وجہ سے کئی بیمار ہسپتال کے دروازے

پر اپنی باری کا انتظار کرتے کرتے دم توڑ جاتے ہیں۔

اس کی ایک وجہ تو لوگوں کا برنیت ہونا ہے کیونکہ کئی ڈاکٹر ہسپتال

میں موجود تو ہوتے ہیں لیکن صرف وہاں بیٹھے دینے کے پیسے

لیتے ہیں کیونکہ حکومت کی طرف سے کوئی ان کو پوچھ گچھ کرنے

والا موجود نہیں۔

اگر غور کیا جائے تو حکومت نے دوائیوں کی قیمتیں بہت

بڑھا رکھی ہیں کہ غریب انسان تو اپنا علاج کروانے ہوئے

بھی دو مرتبہ سوچتا ہے۔ نیز ہسپتالوں میں بڑھتی ہوئی آبادی کی

وجہ سے مریضوں کے لیے کم کم گنجائش ہے کیونکہ کمرے بھرے پڑے

رہتے ہیں۔

ان تمام مسائل پر قابو پانے کے لیے سب سے پہلے تو حکومت کو

چاہیے کے وہ اپنے سکولوں میں معیار کو اعلیٰ کریں تاکہ بچوں کو

پڑھنے کا فائدہ بھی۔ اور جو والدین اپنے بچوں کو سکولوں کی بجائے

کام کاج پر بھیجتے ہیں ان کو جرمانہ کرے۔ تعلیم کے ساتھ ساتھ مفت

کتابوں کا انتظام بھی کرے تاکہ غریب عوام پر کوئی دباؤ نہ ہو۔
نیز ہسپتالوں میں دوائیوں کی قیمتیں کم یا اگر ہو سکے تو مفت
دوائیں فراہم ہوں تاکہ غریب انسان بھی اپنا علاج کروا سکے۔
حکومت کو چاہیے کہ ہسپتال کی کڑی نگرانی کرے اور اس بات
کا دھیان کرکے وہاں موجود کام کرنے والے اپنی نوکری ٹھیک طریقے
سے کر رہے ہیں یا نہیں۔ ملک بھر میں زیادہ ہسپتال تعمیر کیے
جائیں تاکہ لوگوں کو علاج کروانے کے لیے طویل عرصے انتظار
نہ کرنا پڑے۔ اس کے علاوہ اگر عوام بھی حکومت سے تعاون
کرے تو مل جل کر سب ان مسائل پر قابو پا سکتے ہیں۔

**ResultsPlus**
**Examiner Comments**

A very good response. There is a short but very appropriate introduction, good description of problems and in the conclusion candidate's own thoughts to solve them.

**ResultsPlus**
**Examiner Tip**

Produce a plan and stick to it!

### *Question 2(g)*

This was the least popular of all the questions available in Section B and only a few candidates attempted this question. Most essays were very poor or largely irrelevant.

## Section C

### *Question 3(a)*

This question was the most popular on Section C. However, it was the question which produced the weakest responses. This question required candidates to demonstrate their research about and understanding of the job opportunities and their importance in an Urdu-speaking geographical region or city. The vast majority of candidates attempted this question without bothering to understand or even read it carefully. As a result, there were a significant number of essays which showed no evidence of reading/research and understanding. Quite a lot of candidates wrote about regions/cities such as London, Bristol, Leeds and Afghanistan. Candidates should have been aware that the specification clearly states the chosen region/city **must** be Urdu-speaking.

This essay does not show any real research or analysis.

اسلام آباد دنیا کے خوبصورت شہروں میں ~~سی~~ سے ایک
شہر ہے۔ اسلام آباد کی ~~شہر کی ۲~~ آبادی 1,704,000 2009ء میں
شمار کی گئی اس میں شہر کا رقبہ 120.00 مربع کلومیٹر ہے اور
دیہات کا رقبہ 466 مربع کلومیٹر ہے۔ اسلام آباد پاکستان
کا دارالحکومت ہے لیکن پہلے کراچی پاکستان کا دارالحکومت تھا۔
کراچی میں کی آبادی زیادہ ہونے اور روزگار کم ~~ہونی~~ ہونے کی وجہ
سے صدر ایوب نے ۱۹۵۸ء میں فیصلہ کیا کہ دارالحکومت کو
کسی دوسرے شہر میں تبدیل کر دینا چاہیے۔ 1958ء میں صدر ایوب
نے راولپنڈی کے قریب ایک جگہ دیکھی اور وہاں ~~میں~~ پہ کام شروع
کر دیا۔ ۱۹۶۰ء میں اسلام آباد پوری طرح سے تیار ہو چکا تھا

وہاں پہ جدید قسم کی عمارتیں بنائی گئی اور پھر ۱۹۶۷ء میں
اسلام آباد کو پاکستان کا دارالحکومت کا درجہ دیا گیا۔

اسلام آباد میں تاریخی مقامات موجود ہیں جیسے کہ فیصل مسجد
دامن کوہ، چھتر باغ اور شکرپڑیاں شامل ہیں۔ اسلام آباد میں امام
بری سرکار کا مزار بھی ہے جہاں بہت دور سے لوگ وہاں پر
آتے ہیں اور وہاں اسلام آباد میں خاص طور پر حضرت پیر
مہر علی شاہ کے مزار جو گولڑہ میں ہے وہاں پر بھی لوگ بہت
دور سے آتے ہیں۔

اسلام آباد میں روزگار موجود ہے۔ یہاں پر مختلف شاپنگ
سنٹر ہیں جہاں پہ لوگ پورے ملک سے آتے ہیں۔
یہاں لوگ مختلف روزگار کی تلاش میں بھی آتے ہیں۔ یہاں پہ
زیادہ تر لوگ نوکری کی تلاش میں آتے ہیں اسلام آباد کافی
بڑا شہر ہے اور یہاں پر تاریخی عمارتیں بھی موجود ہیں جیسے
کہ نیشنل اسمبلی، پریزیڈنٹ ہاؤس اور نیشنل یونیورسٹی کی
عمارتیں موجود ہیں۔ یہاں پر لوگ اسلام آباد کے پارکوں کا مزہ
لینے بھی آتے ہیں اور خاص طور پر یہاں کا چڑیاں گھر۔

اسلام آباد میں روزگار کے مواقع کی بہت اہمیت ہے۔ یہاں پر لوگ
دوسرے شہروں سے آکر یہاں دوکانوں میں کام کرتے ہیں
کیونکہ یہ پاکستان کا دارالحکومت ہے اس لیے یہاں پر روزگار
اچھا ہے اور لوگ کافی چیزیں خریدنے کے لیے بھی آتے ہیں اس
سے پتہ چلتا ہے کہ یہاں کے روزگار کی کیا اہمیت ہے۔
اسلام آباد میں لوگ مختلف روزگار کے تلاش میں بھی آتے
ہیں جیسے کہ مختلف دفتروں کا کام کرنے کیونکہ اس شہر میں کافی
بینک بھی ہیں تو لوگ وہاں پہنچ آتے ہیں تاکہ انہیں کوئی کام
مل جائے۔ اور اسلام آباد کافی بڑا شہر ہونے کی وجہ سے
لوگ دیہات سے آکر شہر میں دن کو کام کرتے ہیں
اور پھر واپس شام کو اپنے گھر لوٹ جاتے ہیں۔
اسلام آباد میں مختلف ہسپتال اور سکول بھی ہیں۔ جہاں پہ لوگ آکر
کام کرتے ہیں۔ سکولوں کی تعداد کافی زیادہ اور وہاں پر استاد
آکر سکولوں میں پڑھاتے ہیں جس سے یہ پتا چلتا ہے کہ
یہاں کا روزگار اچھا ہے۔ کچھ لوگ جو ڈاکٹر یا نرس ہیں وہ یہاں پہ
آکر ہسپتالوں میں کام کرتے ہیں۔
اسلام آباد میں روزگار کے مواقع اچھے ہیں۔ اور لوگ یہاں پہ مختلف

روزگار کے ہونے کی وجہ سے لوگ اس کی قدر کرتے ہیں اور یہی وجہ
ہے کہ آج بھی اسلام آباد میں لوگ روزگار کی تلاش میں جاتے ہیں
اور جو پہلے سے ہی وہاں پہ کام کر رہے ہیں ان کو پتا ہے کہ یہاں
کی کیا اہمیت ہے۔

**ResultsPlus**

**Examiner Comments**

The word count is much over the prescribed limit. The candidate does not show that any real research has been undertaken. At the same time, there is no real analysis. The very long introduction is completely irrelevant.

**ResultsPlus**

**Examiner Tip**

Make sure the information you supply is up to date and relevant. Always try to remain within the prescribed word limits.

## *Question 3(b)*

In this question, candidates were required to discuss the political situation in the historical period which they had studied and explain how this situation effected the country. The question was attempted by more than 15% of candidates but the vast majority did not respond to the question set and instead wrote pre-learned long essays on famous personalities such as Quaid e- Azam, Allama Iqbal, Zulfiqar Ali Bhutto and Doctor Qadeer Khan.

This candidate has written a largely irrelevant answer on Zulfiqar Ali Bhutto, the former Prime Minister of Pakistan.

میں نے اپنی تحقیق کے لیے جس دور کا انتخاب کیا ہے اس کی
ابتدا ۱۹۲۵ اور انتہا ۱۹۸۵ میں ہوتی ہے۔ تاریخ کے اس ۶۵ سالہ
دور میں بہت سارے عظیم لوگ پیدا ہوئے اور بہت سارے
واقعات رونما ہوئے۔

اس دور میں ایک اہم سیاسی شخص پیدا ہوا۔ جس کا
نام ذوالفقار علی بھٹو ہے اور جو ۵ جنوری ۱۹۲۸ میں پیدا ہوئے۔
وہ سرشاہنواز کی اکلوتے اولاد تھے۔ انھوں نے ابتدائی تعلیم سے کیتڈرل
اور علی تعلم کیلفورنیا اور آکسفورڈ سے حاصل کی۔ بعد میں انھوں
نے نصرت اصفہانی سے شادی کی ۱۹۵۳ میں آنکی پہلی اولاد
بے نظیر بھٹو پیدا ہوئی۔

صدر ایوب کی کابینہ سے علیحدگی کے بعد انھوں نے پاکستان

پیپلز پارٹی بنائی۔ ۱۹۷۳ میں ذولفقار علی بھٹو نے قومی اسمبلی سے آئین کامیاب کروا کے وزیراعظم کا حلف اٹھایا۔ گو کہ بھٹو ایک مخلص انسان تھے لیکن حکومت کرنے کے لیے انھیں جس جدوجہد کا سامنا کرنا پڑا، اس ذکر "Mirage of Pakistan" میں مبشر حسن نے بڑی خوبصورتی سے کیا ہے۔

ذولفقار علی بھٹو تاریخ کی ایک اہم شخصیت تھے جیسا کہ مطلوب احمد وڑائچ اپنی کتاب "صدیوں کا بیٹا" میں بتاتے ہیں کہ بھٹو نے پاکستان کو ایٹمی قوت بنانے اور اسلامی بینک بنانے کی مہم شروع کی۔ پاکستان کو پہلی بار ایک مشترکہ آئین ملا۔ اس کے علاوہ انھوں نے کہوٹہ پلانٹ تعمیر کروایا۔ نوے ہزار قیدیوں کو بھارت کے چنگل سے آزاد کیا۔ بھٹو نے کہا "اگرچہ ہمیں گھاس بھی کھانی پڑے پھر بھی ہم نیوکلیائی بم بنائیں گے"۔

**ResultsPlus**
**Examiner Comments**

Largely irrelevant pre-learned essay. The candidate has not bothered to read the question.

**ResultsPlus**
**Examiner Tip**

Always read the question carefully before attempting it. Do not depend on pre-learned material.

## Question 3(c)


This question was the least popular choice of the four options offered in Section C with only a few responses on modern Urdu society. All essays were either very poor or largely irrelevant.

## Question 3(d)

This question was by far the most popular option for the research-based essay and led to some outstanding answers. This question required candidates to discuss the two important characters of their chosen book, play or film and also to explain how successfully the author or director has managed to present these characters. All in all, credit goes to many candidates who managed to read and research and came up with excellent responses. What was disappointing to note was that some very able candidates got penalised by either not getting proper guidance or support from their teachers or doing very little preparation themselves. Quite a few candidates who spent time in research and reading/seeing books/films in other foreign languages, which is not allowed under the specification, were unfortunately not credited.

As expected most candidates chose 'Mirat-ul-Uroos ' and 'Umrao Jan ada' as the novel and 'Anarkali' as the drama. When it came to the choice of films some favourite chosen films were like last year: ' Baghban', 'Kabhi khushi kabhi gham', ' Khud ke lieye' and ' Mera nam Khan hai.' Quite a few candidates opted for star Plus and Geo drama serials.

This candidate has chosen to write about the two main characters of the film 'Khuda ke lieye'. The candidate has a very good knowledge of the film and its characters. The language is good and the structure is logical, but the candidate has completely missed the second part of the question.


میری چنی ہوئی فلم کا نام "خدا کے لیے" ہے۔ اِس فلم کے
ہدایت کار اور مصنف شعیب منصور ہیں۔ یہ پاکستانی
فلم ہماری زندگیوں اور دنیا بھر میں لوگوں کے ساتھ ہونے
والی ناانصافیوں پر روشنی ڈالتی ہے۔ اس فلم میں جن
فنکاروں نے کام کیا ہے اُن میں شان، فواد خان،
ایمان علی، رشید ناز اور نصیرالدین شاہ جیسے لوگ شامل
ہیں۔

میں اس فلم کے جن دو کرداروں کے بارے میں بات کرنا
چاہتی ہوں وہ مریم / میری (یانی ایمان علی) اور منصور
(بانی شان) ہیں ۔ یہ کردار اس لیے اتنی اہمیت رکھتے
ہیں کیونکہ ان کے ساتھ ہونے والی وہ نا انصافی اور ظلم دکھایا
گیا ہے جو دنیا میں ہوتا فرود ہے لیکن لوگ اس بات کا جائزہ
نہیں لیتے، نظرانداز کر دیتے ہیں یہ پھر اُن کے لیے اُس میں کچھ
غلط نہیں ہوتا ۔

ایمان علی کا کردار ایک ایسی لڑکی کی کہانی بیان کرتا ہے جو
برطانیہ میں پلی بڑھی اور وہیں کے اصولوں پر چلتی آئی
ہو اور جب شادی کی باری آئے تو اُس کا باپ اسے کسی
برطانیہ کے رہنے والے انسان سے شادی نہ کرنے دے بلکہ اس
کو اپنی بے عزتی سمجھے جبکہ اِتنے برسوں سے وہ خد ایک
انگریز کے ساتھ شادی کے بغیر رہ رہا ہو ۔ ایسا انسان
اپنی بیٹی کی شادی کے معاملے میں پھر اسلام کو بیچ لے آتا ہے
تو وہ بیٹی اس بات کو برداشت نہیں کرپاتی ۔ اِس فلم
کے ذریعے دکھایا گیا ہے کہ یہ عمل کتنا غلط ہے اور کسی

کی زندگی کے ساتھ اس طرح سے کھیلنے کی اسلام
ہرگز اجازت نہیں دیتا۔
اس فلم کے پچھلے حصے میں دکھایا گیا کہ اس لڑکی کو

زبردستی شادی کے لیے پاکستان لے جایا جاتا ہے جبکہ پاکستان
میں شادی کرنا تو دور وہ وہاں کے ماحول سے بھی واقف
نہیں تھی۔ اس کی زبردستی شادی کروانے میں اُسکے باپ
اور ایک ایسے مولانا کا ہاتھ تھا جو لوگوں کو اِسلام کے نام پر
بھٹکاتا، خاص طور پہ نوجوانوں کو۔ اِن مولانا کے کردار کے ذریعے
بتایا گیا ہے کچھ بظاہر مسلمان ہوتے ہیں اور اِسلام کی ترغیب
دیتے ہیں لیکن وہ حقیقت میں نوجوانوں کو نشانہ بناتے ہیں
تاکہ وہ اُنہیں گمراہ کر سکیں۔ اُنہیں جذباتی کیا جاتا
جنت حاصل کرنے کی آس دلا کر کہ اس لڑکی کی انگریز سے
شادی ہونے سے بہتر ہے کہ تم اس سے زبردستی شادی کرلو۔
حالانکہ وہ اس طرح اس نوجوان کو گمراہ کر رہے ہوتے کیونکہ
زبردستی کی شادی کی تو اِسلام میں اجازت ہی نہیں ہے۔
ایک اور اہم کردار اس فلم کا منصور (یانی شان) ہے۔ اس کردار
کے ذریعے ایک ایسے لڑکے کی زندگی دکھائی گئی ہے جو اپنی ہی

دنیا میں مگن ہوتا ہے، موسیقی سے دلچسپی رکھتا ہے۔ یہ لڑکا
اِتنا مذہبی نہیں ہوتا لیکن کسی کی جان لینا کا لوگوں کا
دل دکھانا اِسے نہیں۔ ایسے نوجوان کو ۹ سپتمبر کو ہوتے والے
حادثے میں ملوث سمجھ کر پکڑا جاتا۔ اس لڑکے کو شک کی
بنا پر پکڑا جاتا ہے لیکن جرم ثابت ہونے سے پہلے ہی اسے
ذہنی طور پر اتنی اذیت دی جاتی ہے کہ وہ اپنا ذہنی توازن
کھو بیٹھتا ہے۔

اِس فلم کے ذریعے دنیا کو یہ پیغام پہنچایا گیا ہے کہ شک کی
بنا پر کسی معصوم اور بے قصور انسان کو پکڑنا اور اُن کی اور
ان سے جڑے لوگوں کی زندگی برباد کرنا، صرف اس وجہ کے وہ
مسلمان ہیں، بہت غلط ہے۔ ہر مسلمان کو دہشت گرد سمجھنا اور
کسی پر بھی شک کر کے اُسے اس قدر تڑپانا ناانصافی ہے۔

**ResultsPlus**

**Examiner Comments**

The candidate has described the two main characters of the film successfully, but did not attempt the second part of the question. The language and development is quite good.

**ResultsPlus**

**Examiner Tip**

Focus carefully on the question. Remember that you have a limited number of words. Do not try to exceed the prescribed word limit.

# Grade Boundaries

Grade boundaries for this, and all other papers, can be found on the website on this link:

http://www.edexcel.com/iwantto/Pages/grade-boundaries.aspx

Further copies of this publication are available from
Edexcel Publications, Adamsway, Mansfield, Notts, NG18 4FN

Telephone 01623 467467
Fax 01623 450481
Email publication.orders@edexcel.com
Order Code UA028898 June 2011

For more information on Edexcel qualifications, please visit
www.edexcel.com/quals

Pearson Education Limited. Registered company number 872828
with its registered office at Edinburgh Gate, Harlow, Essex CM20 2JE

Ofqual

Llywodraeth Cynulliad Cymru
Welsh Assembly Government

cea
Rewarding Learning